مرتب ہو گئی ہیں ۔

(۴)

نام کتاب : جوہرِ تقویم
مصنف : ضیاء الدین لاہوری
صفحات : ۱۲۰
قیمت : ۱۵ روپے
ناشر : الحقائق، آصف بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

اس کتاب میں ابتدا سے لے کر سنہ ۱۵۰۰ھ تک تمام ہجری اور اس کے متقابل عیسوی تاریخیں درج کی گئی ہیں ۔ آخر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک کا مکی ومدنی کیلنڈر بھی شامل ہے جو ایک نایاب چیز ہے ۔ جدولِ ایام کے تحت دونوں کیلنڈروں میں ایک جامع نقشہ بھی دیا گیا ہے جس سے مطلوبہ دن معلوم کیا جا سکتا ہے ۔ اس تقویم سے محققین کے علاوہ عام قاری بھی بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔ کتاب نہایت محنت وکاوش اور دقتِ نظر سے تیار کی گئی ہے ۔ اردو زبان کی تقویمات میں یہ ایک گرانقدر اور مفید اضافہ ہے ۔

نام کتاب : شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کی تیس مجالس
مرتب : مولانا تقی الدین ندوی
صفحات : ۲۳۲
قیمت : ۲۰ روپے
ناشر : عمران اکیڈمی، ۴۰ بی، اُردو بازار لاہور

یہ کتاب شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کی تیس مجالس کا تذکرہ ہے ۔ جسے اُن کے شاگرد و مرید مولانا تقی الدین ندوی نے مرتب کیا ہے ۔ ابتدا میں مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کا تحریر کردہ مقدمہ بھی شامل ہے ۔ حضرت مولانا محمد زکریا صاحب کے یہ تمام ملفوظات بالعموم ماہِ رمضان کی خاص اور مبارک مجالس سے حاصل کئے گئے ہیں ۔ ان ملفوظات میں شریعت کے مسائل اور طریقت کا سوز و گداز ہے ۔ اندازِ بیان نہایت حکیمانہ اور واعظانہ ہے ۔